تحفۂ رضویہ

عرضِ مُدّعا

زندگی میں کچھ ایسے بھی لمحات آتے ہیں جب انسان زمانے کے مصائب و آلام کی چکی میں پسنے لگتا ہے۔ غربت و افلاس کے بادل اسے اپنے حصار میں لے لیتے ہیں۔ ناکامیوں اور نامرادیوں کی بجلیاں اس کے وجود کو بکھیر کر رکھ دیتی ہیں۔ ایسی کشمکش اور بے بسی کے عالم میں انسان ہر کوشش سے بیزار اور ہر خواہش سے بے نیاز ہو کر صرف موت کی تمنا کرنے لگتا ہے۔
اس حسرت و یاس کے عالم میں بندہ اپنے پروردگار اور رسول کردگار جلّ وعلا و [illegible] کی طرف لو لگائے تو اسے اللہ جل شانہٗ کی طرف سے لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللهِ کا مژدہ مل جاتا ہے۔
پھر تو ٹوٹی ہوئی اُمیدیں بندھ جاتی ہیں، مصائب و آلام کی آندھیاں تھم جاتی ہیں، غربت و افلاس کے بادل چھٹ جاتے ہیں، حوصلے بلند اور کامیابیاں ہم قدم ہو جاتی ہیں۔ مگر یہ نعمتیں صرف صبر و شکر اور شکیب و استقامت والوں کو ہی حاصل ہوتی ہیں۔
احباب کا اصرار تھا کہ کچھ ایسے اعمال و وظائف کو یکجا کر دیا جائے جنہیں ایسے نازک حالات میں اپنا کر نہ صرف اپنی دُنیا سنوار لی جائے بلکہ اپنے ایمان و [illegible] کی بھی حفاظت کی جائے۔ چنانچہ احباب کی اس خواہش کا احترام

کرتے ہوئے احقر نے مشائخ برکاتیہ رضویہ کے مجربات سے چند اعمال و وظائف "تحفۂ رضویہ" کے نام سے ترتیب دیا اور اب ادارہ ہٰذا کے توسط سے اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
مولائے کریم "تحفۂ رضویہ" کو مقبول خاص و عام اور مفید انام بنائے۔ آمین آمین بجاہ حبیبہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین۔

محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی
یکے از خدام حضور تاج الشریعۃ
و مرکزی دار الافتاء، بریلی شریف
۶ ربیع النور ۱۴۲۵ھ

جملہ مقاصد میں تیر بہدف کامیابی کے لیے

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ:

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ والرضوان فرماتے ہیں کہ میں نے اسے جملہ مقاصد کے حصول کے لیے یکساں پایا۔

عملِ خیر الاعمال

تسبیحِ فاطمہ یعنی ۳۳ بار سُبْحٰنَ اللّٰہِ، ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۴ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ کے بعد ایک بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

کتابوں میں آتا ہے کہ اس دن تمام جہان میں کسی کا عمل اس کے برابر بلند نہ کیا جائے گا سوائے اس کے جو اس کے مثل یہ دُعا پڑھے۔

زیارتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

پانچ بار، سات بار، گیارہ بار غرض کہ طاق عدد جس قدر پڑھ سکے یہ درود پاک پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ ؁

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ؁

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ ؁

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ؁

رُخ مدینہ منورہ کی طرف ہو اور دِل حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہو نیز یہ تصوّر کرے کہ روضۂ انور کے حضور حاضر ہوں اور یقین جانے کہ حضور مجھے دیکھ رہے ہیں، میری آواز سُن رہے ہیں اور میرے دِل کے خطروں پر مطلع ہیں۔

اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی فرماتے ہیں کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے اس سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

وحشتِ قبر و حشر سے نجات کے لیے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ؁

سو بار، اوّل آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ دُنیا میں کبھی فاقہ نہ ہو، قبر میں وحشت نہ ہو، حشر میں گھبراہٹ نہ ہو۔

دین و دُنیا کی لازوال دولت

مرد بعد نماز جمعہ مجمع میں اور عورتیں اپنے گھروں میں مدینہ منورہ کی طرف رُخ کر کے دست بستہ کھڑے ہو کر سو بار یہ درود مقدس پڑھے :

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؁

اِس درودِ پاک کے چالیس (۴۰) فوائد ہیں جو صحیح اور معتبر حدیثوں سے ثابت ہیں جن میں سے یہاں چند درج کئے جاتے ہیں :

(۱) اس کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ تین ہزار رحمتیں اُتارے گا۔ (۲) اس پر دو ہزار بار سلام بھیجے گا۔ (۳) پانچ ہزار نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھے گا۔ (۴) اس کے پانچ ہزار گناہ معاف فرمائے گا۔ (۵) اس کے پانچ ہزار درجے بلند فرمائے گا۔ (۶) اس کے ماتھے پر لکھ دیا جائے گا کہ یہ منافق نہیں۔ (۷) اس کے ماتھے پر تحریر فرمائے گا کہ یہ دوزخ سے آزاد ہے۔ (۸) اللہ اسے قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ رکھے گا۔ (۹) اس کے مال میں ترقی عطا فرمائے گا۔ (۱۰) اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد میں برکتیں عطا فرمائے گا۔ (۱۱) دشمنوں پر غلبہ عطا فرمائے گا۔ (۱۲) دلوں میں اس کی محبت ودیعت فرما دے گا۔ (۱۳) کسی دن خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ (۱۴) ایمان پر خاتمہ نصیب ہو گا۔ (۱۵) قیامت میں رسول اللہ ﷺ اس سے مصافحہ فرمائیں گے۔ (۱۶) رسول اللہ ﷺ کی شفاعت واجب ہو گی۔ (۱۷) اللہ تعالیٰ اس سے ایسا راضی ہو گا کہ کبھی ناراض نہ ہو گا۔

ہر گز کسی ہتھیار سے قتل نہ کیا جائے

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

روزانہ صبح و شام سات بار مع اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھے۔

دشمنوں پر فتح و ظفر کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاتِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؁

اوّل آخر طاق عدد درود شریف کے ساتھ حسبِ استطاعت وقتِ معین پر پڑھے۔

برائے تسخیر و محبت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ؁

سات بار مع اوّل و آخر طاق عدد درود شریف بوقتِ مغرب پڑھے۔ فوری اثر کے لیے کھاری نمک پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔

ادائے قرض کی مجرّب دُعا

اَللّٰھُمَّ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ بار اور صبح و شام سو سو بار، اوّل آخر طاق عدد درود شریف کے ساتھ پڑھے۔

اس دُعا کے بارے میں حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تجھ پر پہاڑ کے مثل بھی قرض ہو تو اللہ عزوجل اپنے فضل و کرم سے ادا فرما دیگا۔

طلباء کو ذہین بنانے والی زود اثر دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ○

رات کو سوتے وقت ستر بار اس سورت کو پڑھ کر سینے پر دم کر کے سو رہے صبح اٹھ کر سبق یاد کرے حافظہ تیز ہو گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا۔

حُصُولِ مُلازمت کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

ایک ہزار بار مع اوّل آخر سو سو بار درود شریف قمری مہینے کی پہلی اور چودہویں کے درمیان پڑھتا رہے۔ نہایت ہی مجرّب و آزمودہ ہے۔

جہیز کی فراہمی کے لیے مجرّب دُعا

پاک وصاف اور باوضو ہو کر دو رکعت نفل نہایت عجز و انکساری کے ساتھ پڑھے پھر سو بار یَا لَطِیْفُ یَا طَاطَائِیْلُ پڑھ کر یہ کلمات کہے: یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْنِیْ بِلُطْفِكَ یَا لَطِیْفُ ؛

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ چند روز کی پابندی سے تمام مُرادیں پوری ہوں گی۔

جملہ آفات سے حفاظت کا فولادی حصار

گھر سے نکلتے وقت اس حصار کو مع اوّل آخر طاق عدد درود شریف تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے بفضلہٖ تعالیٰ جملہ آفات و بلیّات اور تمام دشمنوں حاسدوں اور مخالفوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَلَاثَمَانٍ الرَّحْمٰنِ اَيَرْثَمَانٍ الرَّحِيْمِ حَيْثَمَانٍ جَمِيْعَتَانٍ يَا حَافِظُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؛

گرفتار شدہ یا قیدی کی رہائی کیلئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْقَوِیِّ الْکَافِیِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ؂

روزانہ سوبار بعد نماز فجر مع اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ یاد رہے کہ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ گیارہ روز نہ گزرنے پائیں گے کہ رہائی یا اس کا پروانہ مل جائے گا۔

مقبول خاص و عام ہونے کی دُعا

یَارَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ ؂

اس مُبارک دُعا کو تین سو ساٹھ مرتبہ روزانہ مع اوّل آخر طاق عدد درود شریف پڑھے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مقبول خاص و عام اور ہر دل عزیز ہوگا۔ یہ دُعا حضور غوث اعظم کا عطا فرمودہ ہے جو نہایت ہی مجرّب ہے۔

ڈاکٹروں حکیموں اور تاجروں کیلئے نعمت عظمیٰ

یہ مبارک عمل تمام ضروریاتِ زندگی کے لیے بفضلہٖ تعالیٰ ایک بیش بہا نعمت ہے۔ دولت قدموں میں ہوگی، حاجت مندوں کا میلہ سا رہے گا۔

وہ اطبّاء جن کی طرف مریض متوجہ نہ ہوتے ہوں یا وہ لوگ جن کی تجارت نہیں چلتی، اس عمل کو کریں اور کرشمہ قدرت کا ملاحظہ کریں۔

سَرَایُوْ ۔ لَزَرْعَ ۔ زُوْشَا ۔ مَنُوْعَا ۔ عَالِمَا ۔ یَصُوْنَ سَیْلِخَا مَلِیْخَا ۔ مَلْخُوْمَا ۔ یَاقَیُّوْمَا ۔ بِحَقِّ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ

اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود شریف طلوعِ آفتاب کے وقت مشرق کی طرف رُخ کر کے پچیس بار اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ، بعدہٗ عمل مذکورہ ستّر مرتبہ روزانہ پڑھے۔ یہ عمل سیّدنا شاہ ابوالحسین احمد نوری مارہروی قدس سرّہ کا عطا فرمودہ ہے۔

دُعائے ملائکہ

اوّل آخر طاق عدد درود شریف کے ساتھ تین بار یہ آیتیں پڑھے:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؂ ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ، سُبْحٰنَ اللّٰہِ

عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۞ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۞

حدیثِ پاک میں آیا ہے کہ اگر کوئی صبح کے وقت یہ دُعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ستر فرشتے مقرر فرمائے گا جو شام تک اس کے لیے دُعا کریں گے اور اگر مغرب کے وقت پڑھے تو صبح تک، اور اگر اسی روز مر جائے تو شہید مرے گا۔

دُعائے قضائے حاجات

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۞

حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے ایسی آیات معلوم ہیں کہ اگر لوگ ان پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے۔ پھر یہ آیاتِ کریمہ ارشاد فرمائیں۔ ادائے قرض اور روزی و روزگار کے لیے ان کی کثرت مفید و مجرب ہے۔

اولادِ نرینہ کا مجرب عمل

ہر فرض نماز کے فوراً بعد اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ تین بار یہ آیات پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۞ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۞ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ۞

بعدہٗ چار رکعت نفل پڑھ کر حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا ثواب بخشے۔

رنج وغم اور دفعِ پریشانی کے لیے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآؤُکَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اسْمٍ هُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ لَهٗ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجِلَآءَ حُزْنِیْ وَذِهَابَ هَمِّیْ ۞

امرِ مخفی معلوم کرنے کے لیے

سوتے وقت باوضو ہو کر اپنے بستر پر تین سو ۳۰۰ بار یہ آیتِ کریمہ مع اول و آخر طاق عدد درود شریف پڑھے اور سو جائے۔ جو کچھ بھی ہو گا خواب میں ظاہر ہو گا۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

اسمِ اعظم شریف

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یوں دعا کرتے سُنا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ ۝

تو ارشاد فرمایا: یہ اللہ کا وہ اسمِ اعظم ہے کہ جب اِس سے پُکارا جائے اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے۔

تبادلہ کرانے کے لیے مُجرّب عمل

اگر کوئی نوکری پیشہ آدمی ایک جگہ سے دوسری جگہ اپنا تبادلہ کرانا چاہتا ہو تو بعد نماز عشاء اوّل آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس مرتبہ پڑھے اِنْ شَآءَ اللّٰہ چالیس روز کے اندر تبادلہ ہو جائے گا۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَّهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

تلاش گمشدہ کے لیے

بچھڑے ہوئے عزیز و اقارب سے ملاقات اور گمشدہ کی تلاش کے لیے یہ دعا ایک ہزار ایک بار مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے:

اَلْجِیْمُ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْجِیْمِ یَا جَامِعَ كُلِّ شَیْءٍ عَنْ صِفَاتِهٖ یَا جَامِعُ ۝

دعا کے اختتام پر سو بار یَا جَامِعُ کی تکرار کرے۔ اِنْ شَاءَ اللہ بلا توقف بچھڑے ہوئے سے ملاقات ہو اور گمشدہ واپس آئے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لیے

رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ ۝

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ صبح و شام اس کا ورد رکھے یہ دعا مقدمہ میں کامیابی کے لیے نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

لڑکیوں کے لیے بہتر رشتے کی دعا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ خَدِیْجَةِ وَحَبِّبْنِیْ
اِلٰی زَوْجِیْ بِحُرْمَةِ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ
اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝

لوحِ قرآنی
الٓمٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ
نٓ
الٓمٓصٓ
حٰمٓ
یٰسٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ
قٓ
آمین
اس کے دیکھنے والوں کی سب مشکلیں آسان ہوجائیں
گی۔ صبح اسکو دیکھکر جو کام شروع کیا جائے گا۔ پورا ہوگا۔
اور غیبی طریقوں سے رزق کی دولت آنے لگے گی۔
انشاءاللہ
دعاءِ سفر
اَلحَمدُ لِلّٰہِ سُبحَانَ الَّذِی سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا
وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقرِنِینَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ
NAAZ BOOK DEPOT
Shop No. 1, Mohammad Ali Road,
Mumbai-3, Ph.: 022-23454805, 23454730
MOHAMMADI BOOK DEPOT
PH:-9899575458
Designed By Mohammadi Graphics Mob.: 9899575458